ضابطہِ اخلاق برائے ماہرینِ تمثیل کاریِ حفظانِ صحت

# HEALTHCARE SIMULATIONIST CODE OF ETHICS

(Code of Ethics Working Group)

ورکنگ گروپ برائے تشکیلِ ضابطہِ اخلاق

Urdu version

اردو ترجمہ

*Supported by:*

Society for Simulation in Healthcare

Published 2018.12.02
ssih.org/Code-of-Ethics

# تعارف اور پس منظر

# INTRODUCTION & BACKGROUND

۱۳ جنوری ۲۰۱۸ کو دنیا بھر سے ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت کے ایک گروپ نے لاس اینجلس، کیلیفورنیا میں منعقدہ ایک سربراہی اجلاس میں شرکت کی جس کا مقصد ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت کے لئے یکساں ضابطہِ اخلاق تشکیل دینا تھا۔

اس ورکنگ گروپ کے ممبران کا چھے براعظموں کے مختلف ممالک سے تعلق تھا اور وہ پیشہ ورانہ تمثیل کاری میں مہارت رکھتے تھے۔ یہ افراد تمثیل کاری کی تنظیموں اور صنعتی شراکت داروں کی نمائندگی کرتے تھے۔

اس گروپ کے اراکین نے اخلاقیات کے ماہرین کی مدد سے اور دیگر ضابطوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسا ضابطہِ اخلاق تیار کیا جو تمثیل کاری کے تمام تر شعبہ جات میں یکساں طور پر مؤثر ہے۔ ضابطہِ اخلاق برائے تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت درج ذیل کلیدی معینہ اقدار پر زور دیتا ہے: دیانت داری، شفافیت، احترامِ باہمی، پیشہ ورانہ صلاحیت، احتساب، اور نتیجہ خیزی۔ یہ ضابطہ تمثیل کاری کے پیشہ سے متعلق تمام فریقین کی فلاح و بہبود کے لیے اہم اقدار کی نشاندہی کرتا ہے، اور تمثیل کاری برائے حفظانِ صحت کے پیشے سے منسلک ہماری شناخت اور وابستگی کا اظہار کرتا ہے۔

یہ ورکنگ گروپ ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت کا ضابطہِ اخلاق پیش کرتا ہے جسے پیشہ ورانہ تنظیمیں، انجمنیں، اور ادارے متعلقہ تشریحات کے ساتھ اختیار اور استعمال کر سکتے ہیں۔

**یہ ضابطہ کس کے لئے ہے:** ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت کا ضابطِہ اخلاق تمام ماہرینِ تمثیل کاری پر عوامی سطح پر معین اقدار واضح کرنے کے لئے تشکیل دیا گیا ہے۔

**ضابطے کو اختیار کرنا:** اخلاقیات کے دیگر ضابطوں کی طرح یہ ضابطہ خود عائد کردہ ہے۔ لہذا اس کو اپنانے اور پھیلانے کا فیصلہ تنظیمیں، انجمنیں، اور ادارے رضاکارانہ طور پر کر سکتے ہیں۔

**ضابطے کی تشریح:** تنظیمیں اور ادارے ضرورت کے مطابق اس ضابطے کی وضاحت کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، امریکن سائیکیٹرک ایسوسی ایشن نے عام طور پر امریکن میڈیکل ایسوسی ایشن کے ضابطِہ اخلاق کو اپنایا ہے اور نفسیاتی صحت سے متعلق خاص مسائل کے لئے کچھ مزید اصول بھی مخصوص کیے ہیں۔

**ضابطے کے تراجم:** اس ضابطِہ اخلاق کے تراجم کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیئے تاکہ عالمی سطح پر اس میں دیئے گئے تصورات کی تفہیم اور ان کو اپنایا جا سکے۔ اس ضابطہ اخلاق کے ترجمہ کے بارے میں معلومات ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**ضابطہ کہاں سے حاصل کیا جائے:** یہ ضابطہ اس ویب سائٹ پر موجود ہے:

ssih.org/Code-of-Ethics

# ورکنگ گروپ برائے تشکیلِ ضابطہِ اخلاق

# CODE OF ETHICS WORKING GROUP

| | | | |
|---|---|---|---|
| Timothy Murphy | ٹموتھی مرفی | Christine Park | کرسٹین پارک |
| Geoffrey Miller | جیفری ملر | Zalim Balkizo | ظالم بالکیزوو |
| Stefan Monk | سٹیفن مونک | Thomaz Bittencourt Couto | تھامس بیٹن کورٹ کوتو |
| Debra Nestel | ڈیبرا نیسٹیل | Pin-Tarng Chen | پین تھانگ چھن |
| Fadekemi Oginni | فدیکیمی اوگنی | John Dean | جون ڈین |
| Gen Ouchi | گن اوچی | Sharon Decker | شیرن ڈیکر |
| Edwin Ozawa | ایڈون اوزاوا | Parvati Dev | پاروتی دیو |
| Gina Peña Pavez | جینا پینیا پاویز | Dayna Downing | ڈینا ڈاؤننگ |
| Leona Robertson | رابرٹسن لیونا | Kris Thomas Dreifuerst | کرس تھامس ڈرئ فرسٹ |
| Ismail Saiboon | اسماعیل سُایبون | Eliana Escudero Zúñiga | ایلیانا ایسکوڈیرو زونیگا |
| Paola Santalucia | پاؤلا سینٹالوچیا | Valerie Fulmer | ویلری فلمر |
| Dawn Schocken | ڈان شاکن | Grace Gephardt | گریس گیفارٹ |
| Laura Shen | لورا شین | Leslie Graham | لیزلی گراہم |
| Elizabeth Sinz | الزبتھ سنز | David Grant | ڈیوڈ گرانٹ |
| Gulcihan Ulufer Sivrikaya | گلشن اولوفر سیوری کایا | Edgar Israel Herrera Bastida | ایڈگر اسرائیل ہیرارہ باستیدہ |
| Cathy Smith | کیتھی سمتھ | Leslie Hurst | لیزلی ہرسٹ |
| Mary Kay Smith | میری کے سمتھ | Sabrina Koh | سبرینا کوہ |
| Andrew Spain | اینڈریو سپین | Hani Lababidi | ہینی لبابیدی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Catherine Strayhorn | کیتھرین سٹرے ہورن | Esther León Castelao | ایستھرلیون کاستیلاؤ |
| Elena Tragni | ایلیناٹریگنی | William Lewandowski | ولیم لیوانڈوسکی |
| Isabelle Van Herzeele | ایزابیل وین ہرزیل | Jennifer McCarthy | جینیفرمک کارتھی |
| Robin Wootten | روبن ووٹن | Elaine Meyer | ایلین مائر |

Park, C. S., Murphy, T. F., & the Code of Ethics Working Group (2018). *Healthcare Simulationist Code of Ethics*. Retrieved from http://www.ssih.org/Code-of-Ethics.

# ضابطۂ اخلاق برائے ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت: تمہید

# HEALTHCARE SIMULATIONIST CODE OF ETHICS: PREAMBLE

تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت سے متعلق افراد و تنظیمات طبّی سہولیات کی بحفاظت فراہمی، بہتر کارکردگی، اور معیاری حفظانِ صحت کے لیے کام کرتے ہیں۔ یہ ضابطۂ اخلاق ان تمام ماہرین کی رہنمائی کرے گا اور ان پر نافذ العمل ہوگا جو حفظانِ صحت کی تمثیل کاری پر کام کرتے ہیں۔

ہم پیشہ ورانہ حیثیت میں تسلیم کرتے ہیں کہ یہ تمثیل کاری حفظانِ صحت کے بہت سے پہلوؤں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے ہم اپنے آپ کو اس ضابطۂ اخلاق کا پابند بناتے ہیں۔

اس ضابطۂ اخلاق کا مقصد یہ ہے کہ ایک اخلاقی تہذیب و تمدن کو پروان چڑھانے، مضبوط بنانے اور اس کی تائید و حمایت میں سرگرمِ عمل ہوا جائے۔ یہ ضابطۂ اخلاق ان تمام افراد اور اداروں کے لئے ہے جو حفظانِ صحت کی تمثیل کاری پر کام کرتے ہیں۔ یہ ضابطۂ اخلاق اس بات پر زور دیتا ہے کہ وہ اس عمل کو دیانت داری کے اعلیٰ ترین معیار پر سرانجام دیں۔

یہ ضابطۂ اخلاق یہ یقین دہانی چاہتا ہے کہ دنیا بھر کے حفظانِ صحت کے ماہرین اپنی تمام سرگرمیاں تسلیم شدہ بلند ترین اخلاقی معیارات کے مطابق ادا کریں۔ یہ اقوامِ متحدہ کے ترقیاتی پروگرام اور دیگر پیشہ ورانہ تنظیموں کے مرتب کردہ بنیادی اقدار و افعال پر مبنی ہے اور انہی کی ترویج کرتا ہے۔

# HEALTHCARE SIMULATIONIST CODE OF ETHICS: VALUES

## I. (Integrity)

## ا۔ دیانت داری

ماہرین تمثیل کاریِ حفظانِ صحت دیانت داری کے اعلیٰ ترین معیارات بشمول ایمان داری، سچائی، غیر جانب داری اور درست فیصلہ سازی کو تمام تر معاملات میں جو ان کے فرائض پر اثر انداز ہوں، برقرار رکھیں گے۔

انھیں چاہیے کہ:

ا۔ وہ ایک ادارہ جاتی اخلاقی ماحول کو عزیز رکھیں اور اسے پروان چڑھائیں۔

۲۔ وہ تمثیل کاری کے مفروضات، حدود، تبدیلیوں اور مسائل کو مناسب انداز میں سامنے لائیں۔

۳۔ وہ دستیاب شہادتوں کی بنا پر بہت صاف اور واضح انداز میں مخصوص تمثیل کاری کے کام اور طریقہِ کار کے بارے میں بتائیں۔

۴۔ وہ انسانوں، جانوروں اور ماحول کو غیر ضروری نقصان سے بچانے کی جدوجہد کرتے رہیں۔

۵۔ وہ افراد اور اداروں کے وقار اور راز داری کے حقوق کا احترام کریں۔ حاصل کردہ معلومات اور نتائج کی حفاظت کا مناسب بندوبست کریں۔

٦۔ تمام حقوقِ ملکیت اور حقوقِ دانش کو تسلیم کریں اور ان کا احترام کریں اور موقع محل کی مناسبت سے ان کا حوالہ دیں۔

## ۲۔شفافیت II. (Transparency)

ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت اپنی تمام سر گرمیاں اس انداز میں سرانجام دیں گے جس سے تمثیل کاری کے نقشۂ عمل، ابلاغ اور فیصلہ سازی کے طریقوں کو شفافیت اور وضاحت کے ساتھ فروغ مل سکے۔ انھیں چاہیے کہ:

۱۔ تحریری شہادت، تجزیہ، حکمتِ عملی، نتائج کے نفاذ، اور تمثیل کاری کی جانچ کے تسلیم شدہ معیارات کی پابندی کریں۔

۲۔ان تمام سر گرمیوں کا انکشاف کریں جو حقیقی یا تصوّراتی مفاداتی تصادم کا باعث بن سکتی ہوں۔

۳۔ تمثیل کاری اور دیگر تحقیقی سر گرمیوں کی نوعیت اور مقاصد کا واضح اظہار کریں۔

۴۔ایسی سر گرمیوں کو محدود رکھیں جن میں اخفاء شامل ہو۔ یہ یقینی بناتے ہوئے کہ اخفاء کا عنصر ممکن حد تک کم کر دیا گیا ہو اور اس میں ممکنہ خطرات، ضرر رسانی یا سزا کے احتمال کو چھپایا نہ گیا ہو۔

## III. (Mutual Respect)

## ۳۔احترامِ باہمی

ماہرینِ تمثیل کاریِٔ حفظانِ صحت دوسروں کی عزت و وقار، حقوق اوران کے مقام و مرتبے کا احترام کریں گے۔وہ ان سرگرمیوں میں شامل تمام لوگوں سے ہمدردی اور رحم دلی کا سلوک کریں گے تاکہ وہ دوسروں کے لئے شفقت کا سبب بنیں اور ضرر رسانی سے پرہیز کریں۔

انہیں چاہیے کہ :

۱۔علم،مہارتوں اوراقدار کو عزت دیں اوراپنے ساتھیوں اور شاگردوں کی کمزوریوں کا احساس کریں۔

۲۔وہ دوسروں کے نقطۂ نظر کو سننے اورانھیں سمجھنے کی کوشش کریں۔

۳۔وہ انسانی حسنِ سلوک کو فروغ دیں، تفاوت کو سراہیں، مساواتی شمولیت اور غیر متعصبانہ رویہ اختیار کریں۔

۴۔حفاظتی اقدامات میں اضافہ اور جسمانی و نفسیاتی خطرات کو کم کریں۔

## ۴۔ پیشہ ورانہ خصوصیات IV. (Professionalism)

ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت اس طرح کا رویہ رکھیں گے جس سے پیشہ ورانہ خصوصیات کے ان معیارات کو دوام حاصل ہو جو حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کی بنیادی ضرورت ہیں۔ وہ یہ افعال کریں گے :

۱۔ وہ پیشہ ورانہ مہارت اور طرزِ عمل کا مظاہرہ کریں گے۔

۲۔ وہ ذاتی اور پیشہ ورانہ ترقی کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔

۳۔ حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کے پیشے کے لحاظ سے اپنے ہمکار ساتھیوں اور نوواردوں کی حوصلہ افزائی اور ترقی میں مددگار بنیں گے۔

۴۔ اس پیشے کی ترقی کے لئے مواقع پیدا کریں گے۔

## V. (Accountability) ۵۔احتساب

ماہرینِ تمثیل کاریِٔ حفظانِ صحت اپنے افعال اور فیصلوں کے لئے جوابدہ ہوں گے جو وہ اپنے فرائضِ منصبی کی ادائیگی کے دوران بروئے کار لائیں گے۔ وہ یہ افعال کریں گے:

١۔ وہ حصہ داران تمثیل کاری کی جانب سے آراء و تجاویز حاصل کرتے رہیں گے، ان پر ایک تسلسل کے ساتھ غور کریں گے اور ان کو عمل میں لائیں گے۔

٢۔ وہ اپنے آپ کو پیشہ ورانہ نظرِ ثانی کے لئے ہمہ وقت تیار اور دستیاب رکھیں گے۔

٣۔ وہ اپنے اخلاقی رویے کے لحاظ سے مثالی کردار بنیں گے۔

۴۔ وہ اسی پیشہ ورانہ کردار کو اپنائیں گے جو حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کی سرگرمی میں حصہ لینے والی برادری، ملازمین اور ان کی اپنی ذات کے لیے باعث فخر ہے۔

۵۔ وہ متعلقہ گروہوں کے سامنے غیر محفوظ، غیر اخلاقی یا غیر پیشہ ورانہ رویّوں کا تعین کر کے ان کی نشان دہی کرنے کے بعد انھیں بے نقاب کریں گے۔

٦۔ وہ حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کی سرگرمی اس طرح بروئے کار لائیں گے جس سے دستیاب وسائل کا بہت دانشمندانہ استعمال ممکن ہو سکے۔

٧۔ وہ نہ صرف حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کے مطلوبہ نتائج بلکہ ممکنہ غیر ارادی نتائج پر بھی بھرپور نگرانی کا نظام بنائیں گے۔

## ۶۔ نتیجہ خیزی VI. (Results Orientation)

ماہرینِ تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت ایسی سرگرمیوں میں مددگار ہوں گے جو اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور حفظانِ صحت کے معیار میں اضافہ کریں۔ یہ نتائج حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کی سرگرمی کے تمام مراحل پر لاگو ہوں گے اور ان کا نفاذ محض آخری نتیجے پر نہیں ہوگا۔ انھیں یہ افعال کرنے ہیں:

۱۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کی کارروائی کا قابلِ عمل اور قابلِ بھروسہ استعمال کیا جائے جو اس کے تسلیم شدہ معیارات کے مطابق ہو۔

۲۔ معیار کی مسلسل بہتری کے عمل میں مصروف رہا جائے۔

۳۔ تمام قابلِ حصول نتائج کو ماپا جائے اور ان کے اثرات کی نشاندہی کی جائے بشمول تمثیل کاری، انسانی کارکردگی، نظام میں بہتری اور مریضوں پر تمثیل کاری کے براہ راست نتائج۔

۴۔ حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کی تمام سرگرمی اور تنظیمی تہذیب میں ضابطہِ اخلاق برائے تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت کی تشکیل و سرایت کی جائے۔

۵۔ متعلقہ شعبوں کے اخلاقی اقدامات کے لئے ضابطہِ اخلاق برائے تمثیل کاریٔ حفظانِ صحت کا استعمال کیا جائے۔

۶۔ حفظانِ صحت کی تمثیل کاری کی سرگرمی کے بارے میں جدید عوامی علم، ان کی رسائی اور اشتراکِ علم و تجربہ کی آگہی میں اضافہ کیا جائے۔

ضابطہِ اخلاق برائے تمثیل کاریِ حفظانِ صحت درج ذیل اہم کلیدی اقدار پر زور دیتا ہے:

| | |
|---|---|
| 1. Integrity | ۱۔ دیانت داری |
| 2. Transparency | ۲۔ شفافیت |
| 3. Mutual Respect | ۳۔ احترامِ باہمی |
| 4. Professionalism | ۴۔ پیشہ ورانہ خصوصیات |
| 5. Accountability | ۵۔ احتساب |
| 6. Results Orientation | ۶۔ نتیجہ خیزی |

اردو ترجمہ از: ڈیپارٹمنٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ انٹرپریٹیشن، یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد، پاکستان

نظر ثانی: ڈاکٹر ماریہ باجوہ، ڈاکٹر ملیحہ زیبا خان

**Urdu version translated by:**

**Department of Translation & Interpretation, National University of Modern Languages, Islamabad, Pakistan, and reviewed by Dr. Maria Bajwa and Dr. Maliha Zeba Khan.**

معاونت

ایس ایس ایچ

انجمن برائے تمثیل کاریِ حفظانِ صحت

(سوسائٹی فار سیمولیشن اِن ہیلتھ کیئر)

*Translations of the Healthcare Simulationist Code of Ethics are prepared by volunteer translators. No liability is assumed by SSH or the code of ethics authors for any errors, omissions, or ambiguities in the translations provided. Any person or entity that relies on translated content does so at their own risk. Neither SSH nor the code of ethics authors shall be liable for any losses caused by reliance on the accuracy, reliability, or timeliness of translated information.*

*Supported by:*

*Society for*
*Simulation in Healthcare*™